کلامِ اُردو علّامہ اقبالؒ

(مع اضافہ جدید تا آخری رباعی)

بانگِ درا

اقبالؔ

مکمل اور سلیس فرہنگ کیساتھ

ملنے کا پتہ: غلام محی الدین بک سیلر
حیدرآباد دکن (اے۔پی)

قیمت مجلد پانچ روپیہ
بلا جلد چار روپیہ پچاس نئے پیسے

مطبوعہ رفیق مشین پریس کوچہ فہیم مچھلی کمان حیدر آباد

رواں ہے سینۂ دریا پہ اک سفینۂ تیز
ہُوا ہے موج سے ملاح جس کا گرم ستیز

سُبک روی میں ہے مثلِ نگاہ یہ کشتی
نکل کے حلقۂ حدِ نظر سے دُور گئی

جہازِ زندگیٔ آدمی رواں ہے یونہی
ابد کے بحر میں پیدا یونہی نہاں ہے یونہی

شکست سے یہ کبھی آشنا نہیں ہُوتا
نظر سے چھپتا ہے لیکن فنا نہیں ہُوتا

التجائے مسافر

(بہ درگاہِ حضرت محبوبِ الٰہیؒ دھلی)

فرشتے پڑھتے ہیں جس کو وہ نام ہے تیرا
بڑی جناب تری فیض عام ہے تیرا

ستارے عشق کے تیری کشش سے ہیں قائم
نظامِ مہر کی صورت نظام ہے تیرا

تری لحد کی زیارت ہے زندگی دل کی
مسیح و خضر سے اُونچا مقام ہے تیرا

نہاں ہے تیری محبت میں رنگِ محبوبی
بڑی ہے شان، بڑا احترام ہے تیرا